شری جی - سری را ملو- (منتھنی) - مسٹر اسپیکر سر- قبل اسکے کہ میں امنڈمنٹس پر اپنے خیالات ظاھر کروں میں اس جانب ھاؤس کو متوجّہ کرنا چاھتا ھوں کہ بجٹ کے سلسلے میں یہ کہا گیا ھے کہ وقت نہ ملنے کی وجہ سے اس قسم کا بجٹ پیش ھوا ھے - ذمہ دار خدمات رکھنے والے بھی اس طرح کہتے ھیں - لیکن میرے خیال میں یہ کوئی خاص اکسکیوز (Excuse) نہیں ھونا چاھئے - بجٹ کے دیکھنے سے یہ معلوم ھوتا ھے کہ چند فیگرس میں ھیر پھیر کرکے سکرٹری صاحب نے جو بجٹ تیار کیا تھا اس پر دستخط کرکے پیش کر دیا گیا ھے - اس لحاظ سے یہ آڈیٹرس بجٹ (Auditors' Budget) کہلایا جاسکتا ھے - ایک عوامی وزیر و لیڈر کی جانب سے جب یہ پیش ھوا ھے تو اس پر غور کیا جانا چاھئے تھا کہ کس مد میں کمی کی جانی چاھئے اورکس میں اضافہ - اگر مواضعات کا دورہ کیا جاتا تو معلوم ھوتا کہ کئی دوا خانے ایسے ھیں جہاں صرف سو دو سو روپیے کی دوائیں تقسیم کی جاتی ھیں لیکن ھزاروں روپیہ کا اسٹابلشمنٹ انکی تقسیم کیلئے رکھا جاتا ھے - اسی طرح اگریکلچر ڈپارٹمنٹ کو لیجئے - تقاوی وغیرہ کے بارے میں جو منظوریاں دیجاتی ھیں وہ کاشتکاروں کو حقیقت میں کتنی ملتی ھیں اور غیر مستحقین کو کتنی یہ ظاھر ھو جاتا ھے - پرانے دور میں کئی بڑے لوگ اس رعایت سے فایدہ اٹھاچکے ھیں - اگر ان تمام باتوں پر غور کیا جاتا اور عوام کی حقیقی ضروریات کے لحاظ سے بجٹ کو گھٹایا بڑھایا جاتا تو عوامی مشکلات بڑی حدتک حل ھوسکتیں - آج یہ بجٹ ایک عوامی بجٹ کی حیثیت سے ھمارے سامنے آیا ھے - عوام ایک عرصہ سے منتظر تھے کہ عوامی بجٹ انکے سامنے آئیگا تو انکی مشکلات اور مسائل حل ھونگے - مگر اس بجٹ کے دیکھنے سے معلوم ھوتا ھے کہ انکی مشکلات حل نہیں ھوئیں - گو آنریبل فینانس منسٹر نے

فرمایا ھے کہ وہ اس بارے میں سوچ رہے ھیں اور انہوں نے وعدہ کیا ھے کہ تمام چیزوں کا جائزہ لیکر آئندہ بجٹ اطمینان بخش طریقہ پر پیش کیا جائیگا - مجھے ان پر وشواس ھے - آج جس سو روپ (स्वरूप) میں بجٹ آیا ھے ظاھر ھے ھمیں اسی ڈھنگ سے اس پر وچار کرنا ھوگا -

یہ بجٹ تین مہینوں کےلئے پیش ھوا ھے - اسی لحاظ سے سال بھر کی رقموں کو چوتھائی کرکے اس بجٹ میں پیش کیا گیا ھے - اس سے صاف طور پر یہ نتیجہ نکالا جاسکتا ھےکہ آپ اسی سابقہ پالیسی اور اسی ڈھنگ سے خرچ کرنا چاھتے ھیں - اس میں چیف منسٹر کی تنخواہ چار ھزار اور فینانس منسٹر کی دو ھزار پانچ سو آئی-جی- بتلا گئی ھے- آپ ایک طرف تو یہ کہتے ھیں کہ عوامی وزیروں کی تنخواہ (۱۰۰۰) حالی ھوگی - لیکن ھمارے سامنے اسکے متعلق گورنمنٹ کا کوئی رٹن اسٹیٹمنٹ (Written Statement) نہیں ھے - اگر بجٹ میں جو رقم بتلائی گئی ھے وہ منظور کرلی جائے تو اسکے معنے یہ ھونگے کہ ھمنے بجٹ میں لکھی ھوی تنخواھیں منظور کرلیں - ایسی حالت میں ھمارے لئے یہ مناسب نہوگا کہ بجٹ میں لکھی ھوئی تنخواھیں منظور کریں - تاوقتیکہ ھمیں اسکے بارے میں کوئی تیقن نہ دیا جائے -

اسی طرح سپلائی منسٹر کے کالم میں انکے پرائیویٹ سکریٹری کی تنخواہ بھی آئی - جی بتلائی گئی ھے- پی - ڈبلیو - ڈی - منسٹر کی تنخواہ تین ھزار بتلائی گئی ھے- خاص اس منسٹر کی تنخواہ اتنی زیادہ کیوں ھے - وجہ معلوم نہیں ھوتی - اگر اسکی اصلاح کردیجاتی تو ھمارے لئے کسی شبہ کی گنجائش نہوتی -

پالیسی کے نقطہ نظر سے اگر بجٹ کو دیکھا جائے تو یہ بجٹ سرمایہ دارانہ پالیسی کا حامی نظر آتا ھے - میرے خیال میں یہ مناسب نہیں - عوام میں جو نا امیدی پھیلی ھوئی ھے اسے دورکرنے اور انکے مسائل کو حل کرنے کےلئے بجٹ میں کوئی صورت نظر نہیں آتی - عوام نے جنگ آزادی میں حصہ لیا ھے - وہ غربت افلاس جہالت بیکاری اور بیماریوں کے خلاف جنگ لڑے ھیں - وہ اپنے دل میں بڑی بڑی آشائیں رکھتے ھیں - اس اعتبار سے میں آپ سے اپیل کرتا ھوں کہ اس مسئلہ کو عوامی نقطہ نظر سے سونچا جائے - آپ نے بھی پبلک سے بڑے بڑے وعدے کئے ھیں - آج آپ کو پبلک کے سامنے جواب دینا ھے - عوام جب تک اس بجٹ میں نیشن بلڈنگ ورکس (Nation Building works) اگریکلچر - مڈیکل - اور پبلک ھلتھ وغیرہ کےلئے کافی گنجائش نہ پائینگے وہ اسے عوامی بجٹ ماننے کےلئے تیار نہونگے - پولس میں جبتک اتنی بڑی رقم رھیگی اس بجٹ کو عوامی بجٹ نہیں سمجھا جائیگا -

ایک کانگریسی آنریبل ممبر نے فرمایا کہ سادگی آنی چاھئے اڈمنسٹریشن میں بھی سادگی آنی چاھئے - میں یہ کہونگا کہ پیشرو حکومت نے حیدرآباد گورنمنٹ میں

بہت سے غیر ضروری ڈپارٹمنٹس قایم کردئے ہیں - جن میں سے بہت سے ڈپارٹمنٹس کسی کام کے نہیں۔ایک محکمہ انٹی کرپشن کمیٹی (Anti-Corruption Committee) کےنام سے قایم ہوا ہے - وہ کیا کام کر رہا ہے مجھے معلوم نہیں - اس کے خرچ کے اعتبار سے اس سے کیا لابھہ ہوتا ہے متعلقہ منسٹر نےکوئی اطلاع نہیں دی -

اب تک هاؤس میں مختلف بنچز سے جو تقریرین هوئی هیں انہیں سننے کے بعد بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ هاؤس نے بجٹ پرکم بحث کی هے اور پالیسی پر زیادہ کہا گیا هے - میرے سامنے کی پارٹی کی جانب سے اپوزیشن گروپ پر مختلف چارجس لگائے گئے - اور یہ کہا گیا کہ اگر اس بات کی گیارنٹی دیجائے کہ امن و امان بر قرار رهیگا هتیار واپس کئے جائینگے تو جس تعداد میں هتیار واپس هونگے اسی تناسب سے پولیس کے بجٹ میں بھی کمی کی جائیگی - میں نہیں سمجھ سکتا کہ حکومت کا اس طرح اپیل کرنا کہاں تک بجا هے - یہی اپیل اخباروں اور دوسرے طریقوں سے بھی کی جاتی هے لیکن میرے خیال میں ایسی اپیلوں سے کوئی کام نہیں چل سکتا - حکومت اسٹرانگ میثررس (Strong Measures) سےکام لے - پولیس اور فوج پر بلا وجہ کافی روپیہ خرچ کیا جاتا هے - اس سے یہ معلوم هوتا هےکہ عوام کو وزراء پر بھروسہ نہیں هونا تو یہ چاهئےکہ عوام کو وزرا آفیسرس اور حکومت کے ملازمین پر اعتماد هو - همیں چاهئے کہ اپنے گھر کے لوگوں پر بھروسہ کریں - اور ان سے توقع رکھیں کہ وہ گھر کو صاف کرینگے اور سدھا رینگے - باهر کے لوگوں پر آپ کبتک بھروسہ کرینگے - هر چیز کےلئے دلی سے مشورہ لیا جاتا هے - هم سب ممبرس یہاں حیدرآباد کو بنانے کےلئے جمع هوے هیں - اس لئے نہیں کہ جو بھی ضرورت محسوس هو اسے باهر سے خرید کر لاتے جائیں - لیکن جب هم کوئی پروپوزل پیش کرتے هیں تو اسکے متعلق کہا جاتا هے کہ کانسٹی ٹیوشن کے تحت یہ چیز همارے جورسڈکشن (Jurisdiction) میں نہیں آتی - ان تمام جکڑ بندیوں میں آکر هم اپنے اطراف ایک گہری خندق کھود کر بیٹھ گئے هیں - ایسی صورت میں هم کیا کام کرسکینگے ظاهر هے - عوام اسی طرح سے منتظر رهینگے اور هم هاتھ ملتے رهجائینگے - آپ نظام کے خرچ میں کمی نہیں کرسکتے - جاگیرات کا معاوضہ نہیں روک سکتے - عوام کی ضروریات کےلئے بجٹ میں اضافہ نہیں کرسکتے - جب هم مطالبہ کرتے هیں تو همارے سامنے رولس(Rules) اور ریگولیشنس (Regulations) رکھدئے جاتے هیں - جکڑبندیاں پیدا کردی جاتی هیں - مسائل تو صحیح طور پر حل نہیں هوتے اسکے برخلاف دهلی سےکونسلرز آتے هیں - میں پوچھتا هوں کیا اس طریقہ سے مسائل حل هوسکتے هیں - آنریبل چیف منسٹر نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ یہ هماری بدقسمتی یا خوش قسمتی هےکہ هم پر پابندیاں هیں - کانسٹی ٹیوشن میں ' معاوضہ ' دینے کی پابندی لگائی گئی هے - اسی وجہ سے همکو مجبور هونا پڑ رها هے - پہلے انہوں نے " بدقسمتی " کا لفظ استعمال کیا جس سے یہ معلوم هوتا هےکہ جو کنڈیشن (Condition) رکھا گیا هے

وہ بھی چیف منسٹر کی مرضی کے خلاف ہے ۔ انکا ضمیر بھی یہی کہتا ہے کہ یہ مناسب نہیں ۔ عوام سے جو وعدے کئے گئے ہیں انہیں پورا کرنا ضروری ہے ۔ اگر اس کا لحاظ نہیں رکھا گیا تو یاد رکھئے ایسا وقت آئیگا کہ ادھر کے لوگ اودھر ہو جائینگے اور اودھر کے لوگ ادھر آجائینگے ۔ ایسا وقت آنے سے پہلے ہمیں چاہئے کہ سب ملکر ایک ایسا خاکہ پیش کریں جو سب کےلئے موزوں ہو ۔ سوامی راما نند تیرتھ نے جو خاکہ پیش کیا ہے کم ازکم اس پر غور کیا جاتا تو مناسب ہوتا ۔ آپ ایکٹ تو بناتے ہیں لیکن عملاً یہ ہو رہا ہے کہ بے دخلیاں بڑھتی جا رہی ہیں ۔ جب اس سلسلے میں مقدمات دفتر میں رجوع ہوتے ہیں تو انکا سلسلہ کافی طویل ہو جاتا ہے ۔ پہلے تو درخواست پر ٹکٹ لگانا پڑتا ہے ۔ ایک وکیل کو مقرر کرنا ضروری ہو جاتا ہے جوکافی معاوضہ لیتا ہے ۔ قانون لگنداری کی دفعہ (۱۱) کے تحت ایک تہائی سے زیادہ حصہ نہیں لیا جاسکتا ۔ لیکن وہ نصف دینے کےلئے تیار ہو جاتا ہے اسکے باوجود بھی کچھ نہیں ہوسکتا ۔ تحصیل اور عدالتیں انصاف رسانی نہیں کرتیں ۔ ان امور کی اصلاح جبتک نہو رعایا کی مشکلات حل نہیں ہوسکتیں ۔ کوئی موثر قدم اٹھایا جائے تو جو قانون بنایا گیا ہے اس پر پورا پورا عمل ہوسکےگا ۔ آنریبل چیف منسٹر جو ریوینیو منسٹر بھی ہیں ان سے میں یہ عرض کرونگا کہ قولداروں کے جو رجسٹرات تیار کئے گئے ہیں ان میں بھی کئی بے ضابطگیاں ہیں ۔ قولداروں کے کالم میں گذشتہ سال ایک شخص کا نام درج رہے تو آج دوسرے کا نام نظر آئیگا ۔ میں ایسی کئی مثالیں پیش کرسکتا ہوں ۔ کاشتکاروں کی بھلائی کےلئے آپ مارٹ گیج بنک (Mortgage Bank) قایم کرنا چاہتے ہیں لیکن عملاً اس سے کاشتکاروں کو فایدہ نہ پہنچے تو اس سے کیا حاصل ۔ اگر آپ سکریٹری کے مرتب کئے ہوے بجٹ پر دستخط کر کے پیش کرتے رہینگے تو کاغذی عمل تو مکمل ہو جائیگا لیکن اس سے عوام کو کوئی حقیقی فایدہ نہیں پہنچ سکیگا ۔ ہمیں مڈیکل اگریکلچر اور ایجوکیشن کےلئے بجٹ میں کافی رقوم مہیا کرنی چاہئیں ۔ جب تک ایسا نہو وہ عوامی بجٹ کہلاسکتا ہے اور نہ اس سے عوام کو کوئی فایدہ پہنچ سکتا ہے ۔ اگریکلچر کے تعلق سے میں یہ کہونگا کہ ہمارے بجٹ میں بھومی سینا کےلئے کوئی ایٹم نہیں رکھا گیا ہے حالانکہ یہ ایٹم بہت بڑی اہمیت رکھتا ہے ۔ چنانچہ شری منشی جی نے بھی بھومی سینا کی ضرورت پر اپنے حالیہ دورہ آندھرہ میں زور دیا تھا ۔ ہماری سوشلسٹ پارٹی بھی بھومی سینا کی ضرورت کو محسوس کرتی ہے ۔ حالات کے لحاظ سے فوڈ پرابلم (Food Problem) کو حل کرنے کےلئے بھومی سینا کے بغیر کام نہیں چلسکتا اس مسئلہ کو حل نہ کیا جائے تو میں سمجھتا ہونکہ زمین کا مسئلہ حل نہیں ہوسکتا ۔ آپ کبتک رجعت پسندی کے خواب دیکھینگے ۔ نظام کے بارے میں کہا گیا ہے کہ یہ کانسٹی ٹیوشن کی پیدا وار ہے ۔ اس لئے ایجیٹیشن نہ کرنا چاہئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو کچھ کہا گیا یا جو کچھ کیا گیا ہے وہ عوام کے دل کی بات ہے ۔ اس نظام کے خلاف جو رعایا پر ظلم ڈھانے کا کارن بنا ہے ۔ اسکی شخصیت کے خلاف ناپسندیدگی کا

اظہار کیا گیا - راج پرمکھ کے عہدے کے خلاف نہیں - کانسٹی ٹیوشن نے جو راج پرمکھ کا عہدہ بنایا ہے اسکے خلاف ایجیٹیشن نہیں کیا گیا بلکہ ایجیٹیشن انکی شخصیت کے بارے میں ہے کیونکہ عوام انکے خلاف ہیں -

مسٹر اسپیکر- میں سمجھتا ہوں یہ بحث آگے بڑھانا مناسب نہیں - شخصیت اور راج پرمکھ یہ دونوں علحدہ نہیں ہوسکتے - جب اس شخصیت کو کانسٹی ٹیوشن نے منظور کرلیا ہے تو اس پر بحث درست نہوگی -

شری جی - سری را ملو - ٹھیک ہے - جب بجٹ کے سلسلہ میں ایسی باتیں کہی جارہی ہیں اور اسی طرح قدم آگے بڑھایا جارہا ہے تو عوام ان باتوں کو منظور کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں - آپ تین چار کی میجارٹی میں رہکر فخر کے ساتھ جب یہ کہیں کہ یہ سوال پیدا نہیں ہوتا تو کیا حقیقت میں وہ سوال پیدا ہی نہیں ہوتا - لیکن الکشن کے زمانہ میں آپ نے عوام سے جو وعدے کئے تھے انہیں آپ بھول گئے - عوام کو اسطرح مغالطہ میں رکھنا درست نہوگا - اگر ایسی چیزیں ہم یہاں نہیں لاسکتے تو میں سمجھتا ہوں کہ پبلک کے لئے ہم کارآمد نہیں ہوسکتے بلکہ میں تو یہ کہونگا کہ اگر دستور میں رائیٹ آف ری کال (Right of Recall) کا حق رکھا گیا ہوتا تو ان کانگریسی ممبروں کو عوام کی مرضی کے خلاف دو کاموں کے کرنے یعنی نظام کو راج پرمکھ بنانے اور جاگیرداری بجٹ پیش کرنے پر واپس بلا لیتے اور انکی بجائے دوسروں کو چن لیتے - آج عوامی منسٹر کی جانب سے یہ بجٹ پیش کیا جا رہا ہے - لیکن ایک کچھلا ہوا مزدور اسے منظور کرنے کے لئے تیار نہوگا -اس لئے کہ یہ وہی پرانا بجٹ ہے - یہ چیزیں سنجیدگی سے سوچنے کے قابل ہیں اگر ہم پرانے ڈگر پر چلتے رہے تو پبلک کو اپنا فیصلہ دینے کا حق حاصل ہے - لیکن میں کہونگا ایسا نہونا چاہئیے - اپوزیشن پارٹی اور رولنگ پارٹی (Ruling Party) ایک دوسرے پر صرف تنقید ہی کرتے رہیں تو اس سے کیا حاصل - ہمیں پبلک کی طرف بھی دیکھنا ہے کہ وہ ہمارے کاموں سے کسقدر مطمئن ہے - آپ یہ کہتے رہینگے کہ ہتیار دو تو ہم پولیس کے بجٹ میں کمی کرینگے اور اگر ہتیار واپس نہیں دینگے تو پولس کے اخراجات میں کمی نہوسکیگی - اور دوسری طرف پی - ڈی - ایف اپوزیشن کا یہ کہنا ہے کہ اسے دہشت انگیزی کے واقعات سے کوئی تعلق نہیں - مجھے بھی یقین ہے کہ اس میں سے بہت سے ساتھی ایسے اعمال سے تعلق نہیں رکھتے - اس کشمکش میں پبلک کے مسائل حل نہیں ہوسکینگے - ہم حکومت سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ عوام کے مسائل کو حل کیا جانا چاہئیے اور کسی پارٹی کے اعمال کے حیلہ پر عوام کے مسائل حل کرنے سے گریز نہیں کیا جاسکتا -

آنریبل چیف منسٹر نے فرمایا کہ چار ہزار ڈکیتی کے واقعات ہوئے اور کئی قتل ہوئے وغیرہ وغیرہ - اسکی ذمہ داری اپوزیشن پارٹی پر ڈالی گئی- یہ سمجھ میں نہیں آتا

کہ اس کا اشارہ کس کی طرف ھے - یہ ایک معمہ بن گیا ھے - آنریبل چیف منسٹر اور پی - ڈی - ایف سکشن کے درمیان جو چار جس (Charges) اور کونٹر چارجس (Counter Charges) ھو رھے تھے انکو سنکر تو پورے ھاؤز کو اور یہاں تک کہ وزیٹرس کو بھی ایسا معلوم ھورھا تھا کہ اپوزیشن میں کسی ٹیبل کے اوپر رائفل اور پستول وغیرہ رکھے ھوئے ھیں اور حکومت انکو واپس کرنے کا بار بار مطالبہ کررھی ھے جسکو وہ خاص پارٹی دینے سے قاصر ھے - حکومت کے لئے اس طرح کی ڈھیلی پالیسی سے دھشت انگیزی کے افعال کو روکنے اور ھتیارات حاصل کرنے میں کامیاب ھونا مشکل بلکہ محال ھوگا - اگر کوئی خلاف قانون و سنگین جرایم کا ارتکاب کرتا ھے تو اسکے خلاف با ضابطہ قانونی چارہ کار اختیار کرنا چاھئے - قوانین موجود ھیں - اس طرح بھیک مانگنے سے کام نہیں چلیگا - اگر اس کا کوئی حل نہیں نکلا جاتا تو دونوں کی لڑائی میں بیچارے غریب کسان اور مزدور تباہ ھو جائینگے -

آج عوام کے مسائل کا صحیح حل سوشیلیزم کے ذریعہ ھی ممکن ھے اور چند لیڈروں نے ھندوستان کی بھلائی کے لئے عوام کو سوشیلیزم کی طرف لے جانے کےلئے کمر باندھ لی ھے - خود مہاتما گاندھی نے اعتراف کیا ھے کہ جئے پرکاش نارائن نے سوشیلیزم کو صحیح طور پر سمجھا ھے - سوشیلیزم کے بغیر دیس آگے نہیں بڑھ سکتا - الکشن کی حدتک تو پنڈت نہرو نے سوشیلیزم کو مانا مگر ایلکشن (Election) کی حد تک ھی سوشیلسٹ بنے رھے - لیکن جب عمل کے میدان میں آئے تو اسکو بھول گئے- اس طرح آپ بھی ان ھی کی پیدا وار ھیں - اس لئے آپ بھی یہ کہنے لگے کہ سوشیلسٹ لوگ ھوا میں باتیں کرتے ھیں - سوشیلیزم جو ڈیمو کریٹک اصول پر ھے ھم اسکو لیکر آگے بڑھینگے اور اس کےلئے ھمارا تعاون رھیگا -

آپ کی پولیس نے بیگناہ لوگوں پر ظلم کیا ھے اس کا آپ نے کیا انتظام کیا ؟ عادل آباد اور کریم نگر میں ایسے پلان چلائے جا رھے ھیں کہ یکلخت قولداروں کو پولیس و پٹیل پٹواریوں کی سازش اور امداد سے بیدخل کیا جائے - ایسی بیدخلیوں کے خلاف عوامی کارکنان اور سوشیلسٹ پارٹی کے کاریہ کرتا اس کوشش میں لگے ھوئے ھ کہ قولداروں کا کوئی مناسب تصفیہ ھو اور کانسٹی ٹیوشنلی (Constitutionally) اس کا کوئی حل نکالا جائے لیکن اسکے باوجود ورکرس پر لاٹھی چارج کیا گیا ھے - مادھو پور تعلقہ منتھنی میں کئی عہدہ داروں نے غیر منصفانہ طریقہ عمل اختیار کیا ھے - اسی طرح حال میں بورلہ گوڑم کے ایک سب انسپکٹر کی جانب سے ایک واقعہ ھوا جسکی نسبت ڈی - یس - پی کو توجہ دلائی گئی اور اخبارات میں بھی یہ واقعہ آیا - یہاں افعال دھشت پسندی کا کوئی سوال نہیں تھا - کمیونسٹوں سے اس کا کوئی تعلق نہ تھا- یہ صرف آپکے اڈمنیسٹریشن کا ڈفکٹ ھے - اگر اپوزیشن کی جانب سے ایسے واقعات کی طرف توجہ دلائی جائے تو اسے صرف اپوزیشن سمجھنا درست نہوگا - میں یہ عرض

کرونگا کہ اپوزیشن آپکے سامنے جو مسائل رکھتی ہے اسکو بھی حل کرنا ہوگا - سوچئے کہ وہ کیا کہتے ہیں - کیوں کہتے ہیں ؟ تلنگانے کا مسئلہ صرف زمین اور غذا کا مسئلہ ہے - اسکو سوامی رامانند تیرتھ اور ونوباجی بھاوے نے بھی قبول کیا ہے - اگر اسکو جمہوری طریقہ پر حل نہ کیا جائے تو آپکی پالیسی کامیاب نہیں ہوسکتی - اسکے حل کےلئے قدم اٹھانا نہایت ضروری ہے ورنہ عوام خود آئندہ اس کا آلٹرنیٹیو (Alternative) نکال کرھی رھینگے-

مسٹر اسپیکر - میں آنریبل ممبر کی توجہ گھڑی کی طرف مبذول کرانا چاھتا ہوں

شری جی - سری راملو - میں ابھی تھوڑی دیر میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں - میں یہ کہہ رہا تھا کہ جمہوری طریقہ پر ہم کو اپنے مسائل حل کرنے چاھئیں - اور میں کانگریسی حکومت کو یہ اشورنس (Assurance) دینا چاھتا ہوں کہ ہمارا طریقہ جمہوری رھیگا - سوشیلسٹ پارٹی اسی طریقہ پر کام کرتی رھیگی - فوج اور پولیس پر روپیہ خرچ کرکے بجٹ کو متاثر کرنا اور عوام کے اعتماد کے حاصل کرنے کی امید رکھنا ناممکن ہو جاتا ہے - انڈسٹریز کے بارےمیں میں کہونگا کہ ہماری حکومت کی پالیسی انڈسٹریز کو فروغ دینے کی نہیں ہے میں نے سنا ہے کہ سرپور پیپر ملز اور سرسلک لمٹیڈ کو کسی پرایویٹ انٹرپرایز (Private Enterprise) کے ھاتھ فروخت کردینے کا مسئلہ زیر غور ہے - ایک طرف تو ہم ایسی انڈسٹریز کو جو فائدہ مند ہیں دوسروں کے ھاتھوں سونپتے ہیں اور دوسری طرف ایسی صنعتوں کو جو نقصان سے چل رھی ہیں انکو اپنے ھاتھوں میں رکھتے ہیں - متعلقہ منسٹر اس کا جواب دیں تو مناسب ہوگا - میرے خیال میں انڈسٹریز کو نیشنلائیز (Nationalize) کرنیکی سخت ضرورت ہے - میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ انڈسٹریز پہلے کیونکر منافعہ سے چل رھی تھیں اور اب ان میں کیوں نقصان ہو رہا ہے - اس سے صاف ظاہر ہے کہ انکے انتظامات جن لوگوں کے ھاتھوں میں ہیں ان میں نقص ہے - بہر حال میں سمجھتا ہوں کہ رجعت پسندی کو بدلنے اور پالیسی اور اوٹ لک میں تبدیلی کی ضرورت ہے - اسی لحاظ سے آپ کا بجٹ - ہوتو اسکو پورے ھاؤس کی تائید حاصل رھیگی - بجٹ مرتب کرتے وقت آپ ان تمام چیزوں کو پیش نظر رکھیں ورنہ اسی پرانے ڈھنگ پر بجٹ پیش کرتے رھیں تو اس سے نہ تو عوام کے مسائل حل ہوسکتے ہیں اور نہ عوام آپ سے مطمئن ہوسکتے ہیں - ان چند الفاظ کے ساتھ میں اپنا امنڈمنٹ پیش کرتے ہوئے ھاؤس سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس امنڈمنٹ کی تائید کرتے ہوئے اسے پاس کرے -

شری ورکانتم گوپال ریڈی (میڈچل) اسپیکر صاحب - آنریبل ممبرس نے اس انٹریم بجٹ کے متعلق اپنے خیالات کا کافی طور پر اظہار کیا ہے - دو تین دن سے جتنے امور ڈسکشن میں لائے گئے ان میں کہا گیا کہ بجٹ کے ایٹمس جمہوری مطالبات کے موافق تو نہیں ہیں لیکن جمہوری طریقہ سے پیش کرکے منظوری چاھی جارھی ہے -

اس میں شک نہیں کہ جب دیگر ممالک میں الکشنس ہوتے ہیں تو کیبنٹ تشکیل دی جاتی ہے - اور کام شروع ہو جاتا ہے - ہمیں یہ معلوم ہے کہ ہمارے ملک میں کئی صدیوں کی مشکلات برداشت کرنے کے بعد پہلی مرتبہ یہ عوامی مقننہ آئی ہے جو بالغ رائے دہی کی اساس پر ہے - ہم عوام سے وعدہ کرکے یہاں آئے ہیں - لہذا ہمکو دل کھول کر باتیں کرنا چاہئیے کیونکہ ہمیں عوام کے جذبات کی صحیح ترجمانی اور نمائندگی کرنی ہے - اس قسم کے جذبات ہاؤس میں ظاہر کئیے گئے - ہم ان جذبات کی قدر کرتے ہیں - اسلئے کہ جب تک جمہوری حکومت پر کریٹی سیزم (Criticism) نہو اسکو صحیح معنوں میں جمہوری حکومت نہیں کہا جا سکتا - کریٹی سیزم سے جمہوریت کا اصلی روپ معلوم ہوسکتا ہے ملک کے جو ضروریات اور خواہشات ہیں انہیں ہر ایک اپنے اپنے ڈھنگ سے پیش کرتا ہے - اسی لحاظ سے ہم الگ الگ طریقوں پر سوچنے کے عادی ہیں - اب ہمیں اس مقننہ میں اک ساتھ بیٹھکر سوچنے کا موقع ملا ہے - میں یہ کہونگا کہ اگر ہم اپنے سب خیالات کو جو ملک کی بھلائی کےلئے ہیں اڈجسٹ (Adjust) کرلیں تو یہ فایدہ مند ہوگا -

یہ کہا گیا کہ جو بجٹ پیش ہوا ہے وہ پولیس بجٹ ہے - میں اس خیال پر ردوقدح نہ کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر شری وی - ڈی - دیشپانڈے کو انکے یہ کہنے پر کہ گذشتہ چھ مہینوں سے امن و امان قایم ہے مبارکباد دیتا ہوں - اور ساتھ ہی یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ آیندہ بھی اسی طرح امن و امان قایم رکھنے کی ذمہ داری قبول کرینگے ؟ مجھے معلوم ہے کہ اپوزیشن لیڈرس کے ہاتھوں میں ہی اسکی کنجی نہیں ہے - بلکہ اگر میں یہ کہوں تو بیجا نہوگا کہ اسکی کنجی رشیا (Russia) کے ہاتھ میں ہے جہاں سے انکے پاس پروگرام آتے ہیں - اس لئے ان کا کب کیا رویہ رہیگا اس کا یقین نہیں ہوسکتا کیونکہ انہوں نے دوسری جنگ عظیم کو سنہ ۱۹۳۹ع میں سامراجیت کی جنگ کہا اور سنہ ۱۹۴۲ع میں عوامی جنگ کے نام سے موسوم کیا اور پھر سنہ ۱۹۴۷ع میں انہوں نے فسطائیت کی جنگ کا نعرہ لگایا ۔

اگر یہ امن ہمیشہ رہنے والا ہے تو میں آنریبل ہوم منسٹر سے یہ کہونگا کہ اس بجٹ کی منظوری دیدی بھی جائے تو اسکے بعد بھی اپنی ذمہ داریوں کا لحاظ رکھتے ہوئے ضروری بچت کریں - جتنا زیادہ بچاسکتے ہوں بچائیں - یہ بچت عوامی کاموں کےلئے کارآمد ہوگی - ظاہر ہے وہ بھی عوام کی ضروریات کو پورا کرنے کےلئے یہاں آئے ہیں - جس طرح دوسرے آنریبل ممبرس یہ محسوس کرتے ہیں کہ ملک کو بنانے کےلئے فلاں فلاں چیزوں کی ضروروت ہے اسی طرح اس جانب کے ممبرس بھی یہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ ملک کو بنانے کےلئے جتنا ہوسکے اتنا کم خرچ کرکے عوام کو زیادہ سے زیادہ فایدہ پہنچائیں - اسی کو پیش نظر رکھتے ہوئے زراعت کو بڑھانے تعلیم کو عام کرنے اور عوام کی دوسری مشکلات کو دور کرنے کےلئے آگے قدم بڑھائیں - لیکن یہ آپکو معلوم ہے کہ عوامی وزراء کے جائزہ لینے کے بعد صرف ۱۰ روز کے اندر ہی یہ انٹریم بجٹ

پیش ہوا ہے - اس طرح انہیں اس بجٹ پر کافی غور کرنے کا موقع نہیں ملا جسکا اظہار آنریبل فینانس منسٹر نے پہلے ہی اپنی اسپیچ میں کردیا ہے - انہوں نے یہ بھی کہا کہ جب فل (Full) بجٹ پیش ہوگا تو اس وقت عوام کی ضروریات کو ترجیح دی جائے گی - اور انکی مشکلات کے حل کی طرف راغب ہونگے - آج غذا کا مسئلہ جس قدر اہم ہے وہ حکومت چلانے والوں سے پوشیدہ نہیں - میں سمجھتا ہوں کہ وہ ایک ہی مسئلہ نہیں ہے بلکہ اسی طرح سے صنعتوں کی ترقی ، تعلیم کا فروغ اور بیروز گاری کو دور کرنا جیسے مسائل ہیں جن پر آپکو اور ہمکو بیٹھکر سوچنا ہے - نہ صرف سوچنا ہے بلکہ بہت کچھ کام کرنا ہے - یہاں مختلف خیالات اور رجحانات کے ممبرس ہیں - میں ان آنریبل ممبرس پر یہ واضح کرتا ہوں کہ ان سے عوام کی بڑی بڑی امیدین وابستہ ہیں - ہم عوامی نمائندہ ہیں - ہمیں چاہئے کہ جدوجہد کرکے عوام کی ان امیدوں کو پورا کریں - اس اسمبلی کو پبلک پلاٹ فارم کے طور پر استعمال نہ کرین - ہر شخص اگر یہ تصور کرے کہ اسکا ہی طریقہ کار پروگریسیو (Progressive) ہے توصحیح نہوگا - بعض لوگوں کا یہ طریقہ ہے کہ اپنی شخصیت کو بہت اہمیت دیتے ہیں - لیکن ہمیں اس طریقہ سے نہیں بلکہ حقیقت پسندی کے نقطہ نظر سے غور کرنا چاہئے اور ملک کی ضروریات کو پیش نظر رکھنا چاہئے - ہمیں ملک کو آگے بڑھانا ہے - بلاوجہ تقریرین کرنے اور اپنی شخصیتوں کو پیش کرنے سے یہ کام نہیں ہوسکتا - ایک پولیس کی مد ہی نہیں بلکہ ایسے بہت سے آیٹمس ہیں جنکے مصارف میں حسب ضرورت کمی یا زیادتی کرنی پڑیگی - ان تمام مسائل پر عوامی نقطہ نظر سے غور کرنا ہے اور بجٹ کو نئے اصولوں سے ترتیب دینا ہے - ظاہر ہے اس کے لئے وقت درکار ہوگا - ہمیں امید ہے کہ آنریبل فینانس منسٹر عوام کے جذبات - خیالات اور ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے آیندہ بجٹ ترتیب دینگے - یہ تو صرف تین مہینے کا بجٹ ہے - ظاہر ہے کہ جب ہم کوئی مکان تبدیل کرکے نئے مکان میں جاتے ہیں تو سامان کو حسب منشاء قرینے سے جمانے کے لئے ایک آدہ ہفتہ لگ جاتا ہے - اسی طرح نئی منسٹری ابھی ابھی قایم ہوئی ہے - آنریبل ممبروں نے اپنے اپنے خیالات ہاؤس کے سامنے رکھے ہیں انکو پیش نظر رکھتے ہوئے آیندہ بجٹ تیار کیا جاسکیگا - میں آنریبل ممبرس کے اعتراضات کا جواب دینے کے لئے نہیں کھڑا ہوا ہوں بلکہ ان خیالات کو پیش کرنا چاہتا ہوں کہ کس طرح ہمکو اور آپکو ملکر کام کرنا ہے اور کرسکتے ہیں -

ایک اور چیز جسکی طرف توجہ دلانی ہے وہ یونیورسٹی کا مسئلہ ہے عثمانیہ یونیورسٹی کو مرکز کے تحت لیا جارہا ہے - اس چیز پر جس طرح آپکو اعتراض ہے مجھے بھی اعتراض ہے - اگر قومی زبان کو یہاں لانا چاہتے ہیں تو ہم قومی زبان کو لبیک کہتے ہیں - اگر آپ ہندی یونیورسٹی قایم کرنا ہی چاہتے ہیں تو اس کے لئے ایک جدا یونیورسٹی قایم کی جاسکتی ہے اور اگر ممکن ہوتو اس کے لئے بلارم کوارٹرس کو کام میں لایاجاسکتا

ھے - مگر جامعه عثمانیه کو جو یہاں کے سپوتوں اور عوام کی محنتوں سے بنائی گئی ھے سنٹر کے تحت دینے کےلئے ھم تیار نہیں ھیں - اس لئے کہ تلنگنه - کرناٹک اور مرھٹواڑہ ان سب کےلئے یہاں ایک ھی یونیورسٹی ھے - اگر ھندی کو قومی زبان کی حیثیت سے رائج کیا جانا ھی ھے تو ساوتھ انڈیا کےلئے مدراس کو منتخب کیا جاتا تو بہتر ھوتا جہاں اسکی زیادہ ضرورت ھے - اسکی بجائے حیدرآباد کو چن لیا گیا جو قطعاً ناموزوں ھے - اگر ہریجن ریفارمس(Agrarian Reforms) کو جس طرح ترقی پسند حالات کے مطابق تبدیل کرنا چاھتے ھیں تبدیلی کریں مگر جس تناسب سے انکو بدلنا چاھتے ھیں وہ تناسب صرف کاشتکاروں کے لئے ھی نہیں ھونا چاھئے بلکه ملک کے ھر طبقه کے لئے رکھا جائے - ملازمت میں ادنی ملازم سمجھے جانے والے چپراسی و جوان وغیرہ کی تنخواہ سو روپیه قرار دی جائے تو اعلی عہدہ داروں کی تنخواہ بھی اوسی تناسب سے پانچ گنا یعنے پانچ سو روپیه قرار دی جائے - اور اوسی طرح دیگر پیشوں پر بھی قیود عاید کئے جائیں تا کہ کسی کو لوٹ کھسوٹ کرنے کا موقع نه ملے ورنه کشتکار جو دیہاتوں میں رھتے ھیں وہ غریب ھو جائینگے - شہر والے امیر بنکر دیہاتیوں کی لوٹ کھسوٹ کرتے رھینگے - کسانوں کے متعلق جو ملک کی ریڑھ کی ھڈی کہے جاسکتے ھیں ان کی طرف توجه نہیں کی جا رھی ھے ان کے مسائل سے منه موڑا جاتا ھے - آپ شہروں کو تو بنانا چاھتے ھیں مگر دیہات کی طرف توجه نہیں کرتے - میں موجودہ حکومت سے درخواست کرونگا کہ وہ جلد سے جلد دیہاتوں کے سدھار کی جانب متوجه ھو - دیہات کے معیار زندگی کو بڑھانا چاھئے اور اسکے ساتھ ساتھ شہروں میں جو لکھ پتی کروڑ پتی اور اعلی عہدہ دار ھیں ان کے معیار زندگی کو گھٹانا ضروری ھے تا کہ غریبوں کا معیار زندگی کچھ بڑھ سکے - وہ اسطرح کیا جاسکتا ھے کہ اعلی عہدہ داروں کی تنخواھیں کم کی جائیں اور کسی عہدہ دار کی تنخواہ پانچ سو سے زیادہ نہو - اسکے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہونگا کہ ھمارے ملک میں دفتریت کا دوردورہ ھے - جب ھم پیدل سفر کرتے تھے بنڈی پر جاتے تھے اور گھوڑوں پر سواری کرتے تھے تو اوس وقت کا دفتریت کا طریقه آج کام نہیں دیگا - اب ھم موٹرسیکل موٹر اور ریل میں سفر کرتے ھیں اور ھوائی جہاز میں اڑتے ھیں - لہذا اوسی رفتار سے دفتروں کے کاروبار کو آگے بڑھائیں - بہر حال معیار کارکردگی کو تیز کرنے کی ضرورت ھے - تا کہ ملک ترقی کرسکے - ھمیں چاھئے کہ کاٹیج انڈسٹریز کی ترقی کی جانب بھی توجه کریں - کاٹیج انڈسٹریز کو ترقی دینے کی شدید ضرورت ھے - لیکن یه چونکه انٹریم گورنمنٹ کا بجٹ ھے اس میں زیادہ .... (قہقه) معاف فرمائیے - تین مہینے کا بجٹ ھے - انٹریم بجٹ ھے - حیدرآباد میں پہلے کا جو طریقه کار ھے اسکو بدلکر آل انڈیا لیول پرلانا چاھئے اور سابقه مدات کو کم کرنا چاھئے - سابقه بجٹ میں بہت سی ترسیمات پیش کی گئیں ھیں - اس پر غور کرنے سے معلوم ھوگا کہ آنریبل ممبرس اسکی گہرائی میں نہیں گئے - پہلے کا بجٹ آٹوکراٹک (Autocratic) گورنمنٹ کا تھا اب یه عوامی گورنمنٹ کا بجٹ

ہے اس لحاظ سے ایک مد کے بارے میں ھی ترمیم کی ضرورت نہیں ھے بلکه هر مد میں بنیادی طور پر تبدیلی کرنے کی ضرورت ھے - صرف جیل کے مد میں کمی کے متعلق جو ترمیم آئی ھے وہ ناقص ھے - بجٹ کے ان مدات پر غور کرنے سے معلوم هوگا که ان میں تین لاکھ کی کمی هی نہیں بلکه جدید عارضی عمله کےلئے دس لاکھ کے لگ بھگ زیادہ رقم مختص کی گئی ہے-یہ تمام تخفیف کرنے کے قابل ھے - جبکه جیلوں میں قیدیوں اور نظر بندوں کی تعداد زیادہ تھی اوس وقت زاید عمله ضروریات کے مد نظر قایم کیا گیا تھا جو هنگامی تھا - لیکن اب جیسا که آنریبل چیف منسٹر نے کل هی فرمایا نظر بندوں کی تعداد (۳۰۰ - ۵۰۰) سے زیادہ نہیں ھے تو پھر موجودہ حالات کے لحاظ سے اس اڈیشنل (Additional) عمله کی ضرورت باقی نہیں رهتی - یه بات میری سمجھ میں نہیں آئی ھے که جیل کی ملازمتوں میں بطور خاص سندھی کیوں رکھے گئے ھیں ؟ میں سندھیوں کا مخالف نہیں هوں لیکن یه سمجھنے سے قاصر هوں که اس محکمه میں (۱۳) گزیٹیڈ عہدوں میں سے (۱۱) گزیٹیڈ عہدوں پر سندھیوں کو کیوں رکھا گیا ھے ؟ اس سے شبہات پیدا هوتے هیں - کیا سندھی عہدہ دار جیل کے عہدوں کےلئے ماهر هوتے هیں ؟ اگر بغیر کسی معیار قابلیت کے وہ ماهر هوتے هیں تب یه الگ بات ھے -

میں امید کرتا هوں که ان تمام امور پر غور کرتے هوئے مسائل کے حل کی جانب حکومت کے آنریبل منسٹرس متوجه هونگے -

شری مانک چند پہاڑے (پھولری) - ادھیکش مہودے - اب جو انٹریم بجٹ تین مہینے کےلئے پیش کیا گیا ھے اسکے متعلق میں چند خیالات کا اظہار کرنا چاھتا هوں - یه بجٹ پہلے کی منسٹری کا بنایا هوا ھے - نئی منسٹری نے ابھی چارج لیا ھے - یه بات صاف ظاهر ہے که ابھی ان لوگوں کو بجٹ پر غور کرنے کا موقع نہیں ملا اور انہوں نے اس میں کوئی رد و بدل نہیں کیا - ان باتوں پر هم غور کریں تو معلوم هوگا که اس بجٹ کی ذمه داری ان منسٹروں پر نہیں ھے - بجٹ اس لئے پیش کیا گیا ہے که عوام کا رحجان معلوم هو- جو امنڈمنٹس آئے هیں اس میں کئی باتیں بتائی گئی هیں - کسی نے کہا که مڈیکل ڈپارٹمنٹ کےلئے زیادہ رقم رکھی جائے - کسی نے کہا که پولیس کا خرچه کم کیا جائے - میں یه کہونگا که پولیس کا خرچه کم کرنے کے بعد کیا حالت هوگی - خرچه زیادہ رهنے پر یه حال ہے که همارے ضلع کے ۸۶ دیہاتوں میں ۱۷ سال سے ڈی - ایس - پی (D.S.P.) کا دورہ نہیں هوا - معلوم هوا که چند مہینوں پہلے انکا دورہ هوا تھا - میں یه کہونگا که اتنا خرچه هونے کے بعد بھی اڈمنسٹریٹیو سرویس (Administrative Service) کی کمی ہے -

ایجوکیشن کے متعلق بھی میں یه کہونگا که خرچه بڑھایا گیا ھے اس ایٹم پر پہلے ۱۰ فیصدی خرچه هوتا تھا اب ۱۵ - ۱۶ فیصدی هوگیا ھے - لیکن جو اسکول

کھولے گئے ھیں وہ محض نام کے ھیں - وھاں نہ مدرس جاتا ھے نہ خبر لی جاتی ھے - صرف گورنمنٹ کے بجٹ پر خرچہ پڑتا ھے - میں یہ کہونگا کہ صرف بجٹ میں پیسے بڑھا نے سے اونتی (उन्नति) نہیں ھوسکتی - بجٹ کا صحیح طور پر خرچ کیا جانا مفید ھوگا - حکومت کے کل پرزے ٹھیک کرنا چاھئے تا کہ جو پیسہ خرچ ھوتا ھے اس کا فائدہ بھی جنتا کو حاصل ھو - گورنمنٹ نے درخت لگانے کی ایک اسکیم بنائی اس پر اعتراض کیا گیا کہ درخت تو باقی نہیں رھے پیسہ بیکار خرچ ھوگیا - لیکن میں یہ کہونگا کہ جنتا کو بھی اس کا دھیان رکھنا چاھئے تھا کہ گورنمنٹ جو خرچ کر رھی ھے وہ ھمارے ھی جیب کا پیسہ ھے اسکی حفاظت ھمارا بھی فرض ھے - بجٹ چاھے کتنا بھی بڑھایا جائے اس سے فائدہ نہیں ھوسکتا جب تک کہ اس کا صحیح استعمال نہو - اس لئے میں آنریبل ممبرس سے پرارتھنا کرونگا کہ گورنمنٹ پر دباؤ ڈالنے کی بجائے اپنے کرتویہ (कर्तव्य) پربھی دھیان دیں - ھمیں ۷۰ سال سے گورنمنٹ پر اعتراض کرنے کی عادت ھے - اس وقت کی حکومت ھماری گورنمنٹ نہ تھی - اب جبکہ اپنی حکومت قایم ھوچکی ھے تو گورنمنٹ کی مخالفت کا رویہ ھمیں بدلنا چاھئے اس لئے کہ یہ گورنمنٹ جنتا کی ھے اور جنتا کی گورنمنٹ جانتی ھے کہ جنتا کی بھلائی کے لئے اسکو کیا کیا کرنا ھے - اگر ھم اس خیال کو سامنے رکھکر بجٹ پر غور کریں تو ھم کو معلوم ھوگا کہ بجٹ میں جنتا کے کاموں کے لئے جو پیسے رکھے گئے ھیں اوسی سے ھم بہت سے کام نکال سکتے ھیں - پولیس کے ایٹم میں زیادہ پیسے رکھنے پر کہا گیا کہ یہ پولیس بجٹ ھے - میں مانتا ھوں کہ یہ رقم زیادہ ھے لیکن یہ خرچہ کیوں ھو رھا ھے اسکی وجہ پر بھی دھیان دینا پڑیگا - ھمارے اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ ھم کسی طرح سے وایولنس (Violence) کرنا نہیں چاھتے - مگر انہوں نے یہ نہیں کہا کہ ھماری پالیسی وایولنس (Violence) کی نہیں - میں یہ بتانا چاھتا ھوں کہ اس وقت جو گورنمنٹ ھے اسکی پالیسی انتقامی جذبے کے تحت نہیں ھے بلکہ قانون کو عمل میں لانے کے لئے ھے - جس پالیسی کے تحت ٹراٹسکی (Trotsky) کو ختم کیا گیا ھے وہ پالیسی اس گورنمنٹ کی نہیں ھے - آپ اور ھم دونوں نے ملکر اس لئے جد و جہد شروع کی تھی کہ جنتا کا راج آئے - اس کا مطلب یہ نہیں تھا کہ جنتا کا راج آنے پر بھی جدو جہد جاری رکھیں - اس طریقہ کو اب بدلنا چاھئے - حکومت ھمیں اب ملی ھے - ھمیں چاھئے کہ ملک میں امن و شانتی لائیں - نہیں تو موقع پرست آگے بڑھینگے - ان موقع پرستوں کو آگے بڑھنے سے روکنے کے لئے گورنمنٹ کو کوشش کرنی چاھئے - اتہاس آپ کے سامنے ھے - آپ خود محسوس کر رھے ھیں کہ موجودہ حکومت اور اس سے پہلے کی حکومتوں میں کافی فرق ھے - انتقام لینا اس حکومت کو منظور نہیں ھے - قانون کے تحت مقدمات چلائے جاتے ھیں سزا اس وقت تک نہیں دیجاتی جبتک کہ الزامات ثابت نہوں - یہ جنتا کے راج کا طریقہ ھے - اس کا کھلا ثبوت یہ ھے کہ (۳۰۰۰) نظر بندوں میں سے اب صرف (۵۰۰) نظر بند رھگئے ھیں - اس سے ظاھر ھے کہ ھماری گورنمنٹ نے کسی انتقام کے تحت کام نہیں کیا بلکہ

انصاف کے تحت کام کرتی ہے ۔ ان حالات میں میں نہیں سمجھتا کہ آپ گورنمنٹ پر جو اعتراض کرتے ہیں وہ کس حدتک درست ہے ۔ آپ خود کو پروگریسیو (Progressive) کہتے ہیں ۔ جب آپکا عمل پروگریسیوھوتو گورنمنٹ کو خود پولیس کے بجٹ میں کمی کرنی پڑیگی ۔ اور جب گورنمنٹ کے پولیس بجٹ میں کمی ہو جائے تو اس سے جنتا کو فائدہ پہنچے گا ۔ میں فینانس منسٹر سے عرض کرونگا کہ ایجوکیشن ۔ مڈیکل اور اریگیشن (Irrigation) وغیرہ کےلئے خرچہ بڑھانے کی بجائے مناسب یہ ہوگا کہ جو رقمیں رکھی گئی ہیں ان کا صحیح طریقہ پر استعمال ہوتو جنتا کو فائدہ پہنچ سکتا ہے ۔ جیل کے بجٹ میں کمی کی جاسکتی ہے ۔ یہاں ٹنڈر ½ رقم پر منظور کئے جاتے ہیں ۔ اس لئے میں یہ کہونگا کہ اڈمنسٹریشن کو صحیح طور پر چلانا چاہئے اس سے خود بجٹ میں کمی ہوسکتی ہے ۔ اس وقت جو امنڈمنٹس پیش کئے گئے ہیں اور انکے متعلق جو جذبات و خیالات کابینہ کے سامنے رکھے گئے ہیں ان پر میں آنریبل ارکان کو دھنیاواد دیتا ہوں اور اسکے ساتھ ساتھ یہ کہتا ہونکہ آئندہ جو بجٹ پیش ہوگا اس وقت یہ خیالات پیش کئے جائیں تو ان پر عمل ہوسکتا ہے ۔ اس لئے کہ نئی کابینہ کو جایزہ لیکر ابھی ۱۰ - ۱۵ دن ہی ہوئے ہیں ۔

اریگیشن (Irrigation) کے خرچہ میں اضافہ کےلئے توجہ دلائی گئی ہے ۔ لیکن اس سے جنتا کو فائدہ نہیں ہوگا ۔ اگر حقیقت میں ہمکو ترقی کرنا ہےتو ہماری مشنری میں جو ڈیفکٹ ہے اسکو دور کرنا ہوگا ۔ اس کےلئے کیبنٹ کے سامنے آپ تجاویز لائیں کہ کسطرح مشنری کی اصلاح کی جاسکتی ہے ۔ نقائص کی تحقیقات کرکے صحیح راستہ پر کام کرنے کی کوشش کی جائیگی ۔ اور حکومت سے میں یہ عرض کرونگا کہ جو شکایات گورنمنٹ مشنری کے خلاف پیش کی جاتی ہیں اسے ان پر غور کرنا چاہئے۔ میرا تجربہ ہے کہ جب کوئی شکایت پیش کی جاتی ہے تو اس پر دھیان نہیں دیا جاتا جسکی وجہ سے لوگ تنگ آکر شکایت کرنا ہی چھوڑ دیتے ہیں ۔ اسکی وجہ سے مشنری میں اور خرابیاں پیدا ہوتی جاتی ہیں ۔ جنتا کے خیالات کو پیش نظر رکھنا حکومت کا کام ہے اگر جنتا کا خیال نہ رکھا جائے تو بدامنی پیدا ہوگی اورکوئی ترقی نہوگی ۔

بہر حال میں یہ عرض کرونگا کہ جنتا کی ترقی کو پیش نظر رکھتے ہوئے آئندہ بجٹ پر آپ امنڈمنٹ لاسکتے ہیں ۔ یہ تو صرف تین مہینے کا بجٹ ہے اس لئے اسےمنظور کرلیا جائے تو مناسب ہوگا ۔

مسٹر اسپیکر ۔ اب سات بج چکے ہیں لیکن ریسز (Recess) کےلئے جو ۱۰ منٹ زاید لئے گئے تھے اسکے معاوضہ میں اب مزید ۱۰ منٹ دئے جاتے ہیں ۔

شری سید حسن (حیدر آبادسٹی) مسٹر اسپیکر سر ۔ نفس مسئلہ پر عرض کرنے سے پہلے میں جناب کی توجہ اس جانب دلانا چاہتا ہوں کہ کل آنریبل چیف منسٹر نے اپنی

جذباتی تقریر میں اور اسکے بعد آج آنریبل ایجوکیشن منسٹر اور ٹریزری بنچس کے بعض ارکان نے اپنی تقریروں میں ان پارلیا منٹری (Unparliamentary) الفاظ استعمال کئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان میں آنریبل چیف منسٹر یا دیگر آنریبل منسٹرس کو دیگر آنریبل ممبرس پرکوئی فوقیت حاصل نہیں ۔ اس لئے میں آنریبل اسپیکر سے درخواست کرونگا کہ اس خصوص میں آیندہ احتیاط کےلئے انہیں متوجہ فرمائیں ۔

آنریبل چیف منسٹر نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ الکشن میں جنراسٹی (Generosity) سے کام لیا گیا ۔ میں نہیں سمجھتا اس کا کیا مطلب ہے کیا الکشن میں کانسٹی ٹیوشن (Constitution) کے لحاظ سے شہریوں کو حصہ لینے کا حق نہ تھا جس کےلئے انہوں نے مدد کی ۔ بہتر ہوتا کہ الکشن کے بارے میں ہاؤس میں گفتگو نہ کی جاتی ہمیں معلوم ہے کہ الکشن کے نتایج کے بعد کیا کیا ہوا ۔ دور کیوں جائے خود ہارٹ آف دی سٹی (Heart of the City) دودھ باولی کے دروازہ کے باہر اور شاہ گنج میں دیکھ لیجئے وہاں کیا ہو رہا ہے ۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ مختلف طریقوں پر مظالم کئے جا رہے ہیں ۔ مکانات محض اس شبہ پر جلائے جا رہے ہیں کہ وہاں کے رہنے والوں نے کانگریسی امید وار کو ووٹ نہیں دئے یا محاذ کے امید وار نے وہاں سے زیادہ ووٹ حاصل کئے ۔ کیا یہی جنراسٹی (Generosity) ہے ۔ کیا یہ اپوزیشن کےساتھ رونج فل ایٹی ٹیوڈ (Revengeful attitude) کو ظاہر نہیں کرتا ۔

آنریبل چیف منسٹر نے فرمایا کہ وہ جاگیر داروں کا بریف (Brief) لیکر ہاؤس میں حاضر نہیں ہوئے ہیں ۔ میں جانتا ہوں کہ جب سے انہوں نے وزارت کا عہدہ سنبھالا ہے وہ پراکٹس نہیں کر رہے ہیں ۔ لیکن جس انداز سے انہوں نے مٹھی بھر جاگیر داروں کے مسئلے کو ہاؤس کے سامنے رکھا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ جاگیر داروں کی وکالت فرما رہے ہیں ۔ آج ہم دیکھتے ہیں کہ لاکھوں عوام بیروزگار پھر رہے ہیں ۔ کہیں تخفیف کےنام سے انکا روزگار چھین لیا جاتا ہے تو کبھی گور والا کمیٹی کی سفارشات کی آڑ میں انہیں روٹی سے محروم کردیاجاتا ہے ۔ کبھی جاگیرات کی برخواستگی کا نام لیکر کئی لوگ بیروزگار کردئے جاتے ہیں ۔ غرض ہم دیکھ رہےہیں کہ پولیس ایکشن کے بعد سے کئی ہزار لوگ مختلف بہانوں سے بیروزگار کردئے گئے لیکن اسکے باوجود صرف مٹھی بھر جاگیر داروں کے متعلق چیف منسٹر کا یہ ارشاد کہ انہیں بیروزگاری سے بچانے کےلئے معاوضہ دیا جاتا ہے غور طلب ہے ۔ وہ فرماتے ہیں کہ جاگیر داروں کے اسناد میں لکھا ہے کہ وہ ” تاقیام شمس و قمر ،، جاگیر سے فائدہ اٹھائینگے وغیرہ ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ اوس زمانے کے حکمرانوں کے سب احکام کی کیا اسی طرح پابندی کی جا رہی ہے کہ آج آپ جاگیر سے متعلقہ حکم پر عمل کرنا اس قدر ناگذیر سمجھ رہے ہیں ؟ جب اس زمانے کے حکمرانوں کے دوسرے احکام و قوانین منسوخ ہوسکتے ہیں تو صرف جاگیرداروں کا خیال رکھکر ان کےلئے دوکروڑ کا بجٹ منظور کرنے پر

اصرار کرنا مناسب نہیں - ہم نہیں چاہتے کہ لاکھوں بیروزگاروں کی طرح جاگیر دار بھی افلاس اور فاقہ کشی میں مبتلا ہوجائیں بلکہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ حالات زمانہ کے مد نظر انکی مفت خوری کی عادت ختم کی جائے اور ان کے لئے بھی دوسرے محنت کش عوام کی طرح متبادل روزگار کی فراھمی کی کوشش کی جائے - اس کے لئے فیکٹریز کو ترقی دیکر جاگیر داروں کو بر سر روزگار لایا جاسکتا ھے - اس طرح جاگیر داروں کی مدد کرنا زیادہ بہتر ھے بہ نسبت اسکے کہ انہیں لاکھوں روپیہ معاوضہ دیا جائے - کانسٹی ٹیوشن کے حوالہ سے یہ کہا گیا کہ بلا معاوضہ کسی کی جایداد نہیں لی جاسکتی - لیکن جاگیر کوئی ملکیت نہیں - جاگیر دار کوئی مالک نہیں هوتا - کیونکہ وہ اپنی جاگیر کو کسی دوسرے کے ھاتھ فروخت نہیں کرسکتا - جس طرح کہ دوسری چیزیں فروخت کی جاسکتی ھیں - مثلاً کسی کی گاڑی ھے وہ اسکو فروخت کرسکتا ، رھن رکھ سکتا یا مفت دیسکتا ھے - لیکن کوئی جاگیر دار جاگیر بیچنے کا حق نہیں رکھتا - بلکہ جاگیر دار کے مرنے کے بعد قانون عطیات کے لحاظ سے جاگیر معطی کو واپس ہوتی ھے - البتہ عام طور پر جاگیر اسی خاندان کو مکرر بغرض پرورش دیجاتی ھے - اس لحاظ سے کانسٹی ٹیوشن کا اطلاق جاگیر پر نہیں ھوسکتا - لہذا جاگیر داروں کو جو معاوضہ دیا جاتا ھے وہ قطعاً غیر ضروری ھے اور نامنظور کرنے کے قابل ھے -

چیف منسٹر نے فرمایا کہ اکسپنڈیچر(Expenditure) میں کمی کا طریقہ کیا ھوسکتا ھے - سب سے پہلے میں یہ عرض کرونگا کہ باھر سے جو عہدہ دار بلائے گئے ھیں انہیں واپس کیا جائے - ممکن ھے امرجنسی (Emergency) حالات میں انکی موجودگی ضروری خیال کی گئی ھو - لیکن اب جبکہ وہ حالات باقی نہیں رھے بجٹ میں ان کے لئے گنجائش رکھکر ھزاروں لاکھوں روپیہ خرچ کرنا میرے خیال میں درست نہیں - انہیں یہاں رکھنے کے صرف دو ھی وجوھات ھوسکتے ھیں - ایک تو یہ کہ یہاں کے لوگ نا اھل ھیں اس لئے باھر کے لوگوں کو رکھنے کی ضرورت لاحق ھوئی - دوسرے یہ کہ یہاں کے سب لوگوں کو روز گار مل چکا ھے - اس لئے حکومت باھر کے لوگوں کو یہاں روزگار پر لگا کر انکی بے روزگاری دور کرنے کی طرف متوجہ ھے - میں عرض کرونگا کہ یہاں لاکھوں آدمی بیروزگاری کاشکار ھیں - روینیو ڈپارٹمنٹ کو دیکھیں تو معلوم ھوگا کہ اب بھی کلکٹر اور ڈپٹی کلکٹر کی جایدادوں پر باھر کے لوگ موجود ھیں - ایک (۷۰) ستر سالہ ضعیف وظیفہ یاب کو بھی لایا گیا ھے - اور انہیں چیف سپلائی کمشنر اور سینیر روینیو بورڈ ممبر (Senior Revenue Board Member) وغیرہ جیسی اھم خدمات دیگئی ھیں - میں پوچھتا ھوں کیا ھمارے پاس ایسے لوگ نہیں تھے جو یہ کام کرسکتے ؟

اسی طرح پولیس ڈپارٹمنٹ میں جوانوں سے لیکر اعلی ترین خدمات تک لوگ باھر سے بلائے گئے ھیں - کیا اب بھی انکی ضرورت باقی ھے - انسپکٹر جنرل پولیس کو دو ھزار

سات سو روپیے کاادار ماھانہ تنخواہ دیجاتی ھے - اسکے علاوہ انہیں بنگلہ اور موٹر بھی سرکاری طور پر دیجاتی ھے - کیا اس سے کم ماھوار پر کام کرنے والے یہاں موجود نہیں ھیں - اس سلسلے میں آنریبل چیف منسٹر فرماتے ھیں کہ باھر کے عہدہ داروں سے حکومت نے کچھ کمٹمنٹس (Commitments) کئے ھیں - آپ بلا وجہ کمٹمنٹس کرتے ھیں انکے ذمہ دار کون ؟ میں یہ کہونگا کہ اگر عوام کی محنت سے کمایا ھوا روپیہ جو ٹیکسس کی صورت میں وصول کیا جاتا ھے اس طرح خرچ کیا جائے تو اسکی ذمہ داری کس پر ھے -

آنریبل چیف منسٹر نے یہ بھی فرمایا کہ تین ھزار قتل اور کئی ھزار ڈکیٹیوں کی ذمہ داری کمیونسٹوں پر ھے - آنریبل چیف منسٹر یہ بھی وضاحت فرماتے تو بہتر ھوتا کہ باھر کی آئی ھوئی پولیس ، فوج اور مال کے عہدہ داروں نے کتنے بے گناھوں کو قتل کیا - کتنے ریپس (Rapes) کئے - لیکن اسکے متعلق نہیں کہا گیا - ظاھر ھے اسکی ذمہ داری باھر سے آئے ھوئے لوگوں پرھی آتی ھے - باھر کے لوگوں کو یہاں آنے کی دعوت دینے والے اسکے ذمہ دار قرار دئے جاسکتے ھیں - آنریبل چیف منسٹر نے فرمایا کہ ھم سے کواپریٹ کیجئے - ھم یہاں یقیناً کواپریٹ کرنے کےلئے آئے ھیں لیکن آپ بھی تو آگے بڑھئے - آپ اپنے محلات میں رھکر تعاون چاھتے ھیں تو یہ کسطرح ممکن ھے - تعاون کےلئے تو خلوص دل سے آگے بڑھنا چاھئے - حکمران جماعت سے متعلق دعوی کیا جاتا ھے کہ اس نے سیکولر گورنمنٹ بنائی ھے - لیکن میں نہیں سمجھتا کہ یہ سیکولر گورنمنٹ ھے - پولیس ایکشن کے بعد آج تک کے جملہ حالات کو سامنے رکھئے - اور ایمانداری سے اسکا جایزہ لیجئے اور غور کیجئے کہ کیا آپ اسے سیکولر گورنمنٹ کہنے کی جرات کرسکینگے ؟ مختلف عنوانوں سے اور مختلف دفعات کے حوالہ سے لوگوں کو ملازمتوں سے نکال دیا جاتا ھے - پھر بھی آپ یہ کہتے ھیں کہ یہ سیکولر گورنمنٹ ھے - یوں تو روزانہ ایسے سینکڑوں واقعات پیش آتے ھیں لیکن مثال کے طور پر میں صرف ایک واقعہ ایوان کے سامنے بیان کرنا چاھتا ھوں - حال ھی میں یہاں کی آرمڈ پولیس میں ایک فوج کے علحدہ شدہ کرنل نے درخواست دی انہیں انڈین آرمی میں پرمننٹ کمیشن (Permanent Commission) ملا تھا لیکن وہ وھاں جانا نہیں چاھتے تھے چنانچہ اے - یس - پی (A. S. P.) کی جائداد کےلئے جو مقابلہ کا امتحان ھوا اس میں انہیں " اے " ملا - یعنے وہ فسٹ آئے لیکن انہیں موقع نہیں دیا گیا - محض اس لئے کہ وہ ایسے فرقے سے تعلق رکھتے تھے جس کا صرف ایک آدمی گورنمنٹ لینا چاھتی تھی اس لئے انکو رجکٹ (Reject) کردیا گیا - کیا اسکے بعد بھی یہ حکومت سیکولر کہلائی جاسکتی ھے -

موجودہ موازنہ کے متعلق کہا جاتا ھے کہ وہ انٹریم بجٹ ھے - موجودہ حالات میں اسکو منظور کرلینا چاھئے - لیکن اس بجٹ کے اوٹ لائینس (Outlines) سے

ظاہر ہے کہ آیندہ بجٹ بھی انہیں اوٹ لائنس پر مرتب کیا جائیگا ۔ اس بجٹ کو دیکھنے کے بعد ہم یہ امید نہیں کرسکتے کہ آئیندہ بجٹ میں کوئی بنیادی تبدیلی ہوگی ۔ عوامی وزراء کے آنے کے بعد توقع تھی کہ بجٹ بھی عوامی نقطہ نظر سے مرتب کیاجائیگا اور یہ بجٹ غریبوں اور کاشتکاروں کا ہوگا ۔ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ بجٹ غریبوں ۔ کاشتکاروں اور محنت کش عوام کا نہیں ہے ۔ بلکہ یہ کہنا پڑتا ہے کہ یہ راج شاہی اور جاگیر دارانہ بجٹ کی تصویر ہے ۔ آپ نے کاشتکاروں کےلئے کیا حل تجویز کیا ہے ۔ آپ تو کہتے ہیں کہ جاگیریں برخواست کردی گئیں ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ جاگیریں برخواست نہیں ہوئیں ۔ بلکہ ہوا یہ کہ جاگیر داروں سے جاگیر لے لی گئی صرف مالک بدلے اور جاگیر داری تو اسی طرح باقی ہے ۔

شری لکشمی نیواس گنیریوال (راماُن پیٹھ) ۷ - ۲۰ ہوچکے ہیں وقت کافی ہوگیا ہے ۔ یہ تقریر پلیٹ فارم کی ہوتی جا رہی ہے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں اس قسم کی گفتگو نہ ہونی چاہئے ۔ دو چار منٹ میں آنریبل ممبر اپنی تقریر ختم کردینگے ۔

شری لکشمی نیواس گنیریوال ۔ میں معافی چاہتا ہوں ۔

شری سیدحسن ۔ جناب اگر مناسب تصور کریں تو میں اس وقت تقریر ختم کرتا ہوں بشرطیکہ کل مجھے اپنی تقریر کا سلسلہ جاری رکھنے کا موقع دیا جائے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ اگر زیادہ ٹائیم کی ضرورت ہے تو اور بات ہے ۔ میرے پاس کئی آنریبل ممبرس کی درخواستیں آئی ہیں کہ انہیں تقریر کا موقع دیا جائے ۔ ایسی صورت میں ٹائیم کا لحاظ رکھا جائے تو مناسب ہے ۔ میں سمجھتا ہوں آنریبل ممبر ابتک بھی ۱۰ منٹ سے زاید لے چکے ہیں لہذا وہ اپنی تقریر جلد ختم کرنے کی کوشش کریں تو مناسب ہے ۔

شری سیدحسن ۔ مناسب ہے ۔ میں کوشش کرونگا کہ جلد سے جلد اپنی تقریر ختم کروں ۔

کاشتکاروں کےلئے آپ نے کیا کیا ۔ ان سے اسی طریقہ پر لیوی وصول کی جاتی ہے اور اسی تشدد سے مالگزاری لی جاتی ہے اور ابتک وہی طریقہ رائج ہے ۔ اسکے علاوہ باہر کے اور یہاں کے مال اور پولیس کے عہدہ داروں کی جانب سے انڈے اور مرغیوں کی سپلائی کا مطالبہ علحدہ جاری ہے ۔ لیکن انکی بھلائی کےلئے کچھ نہیں ہوتا ۔ نئے نئے عنوانات سے ٹیکس لگائے جاتے ہیں ۔ آپ کے نئے پروپوزاس (Proposals) کے لحاظ سے تو ٹیکسس میں مزید اضافہ زیر غور ہے ۔ حیدرآباد جب ہندوستان کا جزو قرار پاچکا ہے تو ایسی صورت میں کروڑگیری برخواست کی جانی چاہئے تھی ۔ سنہ ۱۹۵۰ع

میں کروڑ گیری کی برخواستگی کا وعدہ کرکے آپ ایک عرصہ قبل ھی سے سیلس ٹیکس بھی عاید کرتے ھیں - وہ بھی مدراس سسٹم پر - جس کے لحاظ سے ایک چیز پر کئی مرتبہ ٹیکس ادا کرنا پڑتا ھے - ایک چیز کئی اشخاص کے ھاتھ سے ھوکر گزرتی ھے اور ھر شخص علحدہ علحدہ سیلس ٹکس ادا کرتا ھے -

اب میں الکٹریسٹی ڈپارٹمنٹ کے متعلق کچھ عرض کرنا چاھتا ھوں - جنگ سے پہلے الکٹریسٹی کے ریٹس ھمسایہ ریاستوں کے مقابلہ میں بہت زیادہ تھے اور دوسری جنگ عظیم کے دوران میں عارضی اضافہ کہکر ریٹس (Rates) اور بڑھا دئے گئے - گو یہ اضافہ عارضی تھا لیکن اب تک اسے جاری رکھا گیا ھے - اسے فوراً کیوں کم نہیں کیا جاتا - اسکے ساتھ ساتھ ھم یہ بھی دیکھتے ھیں کہ برق کے مزدوروں کے ساتھ آپ کا سلوک کیسا ھے - انہیں کیا سہولت پہنچائی جاتی ھے ؟

ممکن ھے آپ یہ کہیں کہ ھماری ھمسایہ ریاستوں میں بجلی پیدا کرنے کے قدرتی ذرائع مؤجود ھیں - واٹر فالس وغیرہ سے وہ برق پیدا کرتے ھیں - لیکن میں کہونگا کہ ھمارے پاس بھی تو ایک قدرتی ذریعہ ھے - آپ کو سنگارینی کالریز سے کوئلہ کم مقدار میں نہیں ملتا - اس سے اگر خاطر خواہ فائدہ اٹھایا جائے تو کم سے کم قیمت پر بجلی پیدا کی جاسکتی ھے -

ایک اور مسئلہ جسکی طرف توجہ کرنا نہایت ضروری ھے وہ لاکھوں بےگھر اور محنت کش عوام کےلئے کواٹرس کی تعمیر کا مسئلہ ھے - اس ضرورت کےلئے بجٹ میں کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی ھے اسکے برخلاف آرائش بلدہ کے مکانات کے کرائے ڈبل کردئے گئے ھیں - یہ وہ مکانات ھیں جو آج نہیں ۱۵ - ۲۰ سال پہلے بنائے گئے تھے - ایک طرف تو آپ لوگوں کو بیروزگار کردیتے ھیں - دوسری طرف مختلف طریقوں سے ان سے رقم وصول کرتے ھیں - طلباء کی فیسیں بڑھادی جاتی ھیں - مکانات کے کرائے بڑھا دئے جاتے ھیں ٹیکسس میں اضافہ کیا جاتا ھے یہ چیزیں قابل غور ھیں نظام کے دور حکومت میں میکانائزڈ آرمی (Mechanised Army) پر چار کروڑ روپیہ خرچ ھوتا تھا - اورپولیس پر ایک کروڑ - یہ کس لئے خرچ ھوتا تھا - جمہوریت کو دبانے کےلئے - آج آپ جمہوری موازنہ میں اس ایٹم پر ۶ کروڑ روپیہ صرف پولیس پر صرف کرتے ھیں جبکہ فوج کا تعلق آپ سے نہیں رھا - آپ کہتے ھیں کہ آرمڈاسٹرگل (Armed Struggle) ختم کیا جائے تو پولیس بجٹ میں کمی ھوگی - آپ اپنے اڈمنسٹریشن کو تو درست کیجئیے - رشوت کو ختم کیجئیے - بد دیانتی اور بدچلنی کو دور کیجئیے - اپنا اڈمنسٹریشن بہتر بنائیے تو اسٹرگل خود بخود ختم ھو جائےگا - کون چاھتا ھے کہ جنگل اور پہاڑوں میں اپنی زندگی مصیبت سے گذارے - ان سب چیزوں پر آپ غور کریں تو میں سمجھتا ھوں کہ حالات بہتر ھوسکتے ھیں -

تعمیرات کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ اس بجٹ میں تعلیمات کے ایٹم میں بہت کم گنجائش رکھی گئی ہے - ہماری تعلیمی حالت خراب ہے - مفت پرائیمری ایجوکیشن کا انتظام کرنا ہمارا فریضہ ہے - ایسے تعلقات جہاں کی آبادی دس ہزار سے زیادہ ہے انکے مستقر پر ہائی اسکول قایم کئے جانے چاہئیں - بعض اضلاع ایسے ہیں جہاں آبادی کے اعتبار سے کالجوں کا قیام ضروری ہے - کریم نگر کے طلبا، کو کالج کی تعلیم کےلئے ورنگل جانا پڑتا ہے - ظاہر ہے غریب طلبا، اپنا مقام چھوڑ کر مہنگی تعلیم حاصل نہیں کرسکتے - لہذا ایسے اضلاع کے مستقر پر کالج قایم کئے جائیں -

پبلک ہلتھ پربھی بجٹ میں بہت کم گنجائش رکھی گئی ہے - افسوس کی بات ہے کہ ہمارے امراض پر تحقیقات کےلئے لندن اور لیورپول میں اسکول آف ٹراپیکل میڈیسنس (School of Tropical Medicines) قایم کئے جاتے ہیں - لیکن خود یہاں کچھ نہیں ہوتا - ضرورت اسکی ہے کہ یہاں بھی ایسے ریسرچ انسٹیٹیوٹ قایم کئے جائیں تاکہ ہمارے امراض سے ہم واقف ہوسکیں -

اس قدر عرض کرنے کے بعد میں ہاؤس سے اپیل کرونگا کہ بجٹ منظور کرنے کی بجائے آنریبل فینانس منسٹر سے درخواست کی جائے کہ وہ اس کو روائز (Revise) کریں اور تعلیم - انڈسٹریز اور پبلک ہلتھ کےلئے زیادہ رقم فراہم کریں - بیروزگاری رفع کرنے کی صورتیں نکالیں - اور جاگیرات کے معاوضہ کی رقم کو ختم کرنے کےلئے جو ترمیم آئی ہے اس پر غور کریں - فی الوقت کام چلانے کےلئے کچھ رقم کی منظوری دی جاسکتی ہے -

مسٹر اسپیکر - اب ۷ بجکر ۳۰ منٹ ہوچکے ہیں - اجلاس برخواست کیا جاتا ہے - کل یہ ڈسکشن جاری رہیگا - اور ڈیمانڈس کے بارے میں ووٹس لئے جائینگے - میں یہ محسوس کررہا ہوں کہ کہیں نہ کہیں جاکر ٹائیم لمٹ لگانی ہوگی - کل دو بجے ہاؤس کی کارروائی شروع ہوگی -

The Assembly then adjourned till Two of the Clock on Saturday the 29th March 1952.
